Regd No 5454

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انّ الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشآء۔ عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا

روزنامہ الفضل

ٹیلیفون نمبر ۲۹۷۹

لاہور (پاکستان)

شرح چندہ
سالانہ ۲۴ روپے
ششماہی ۱۳ ٫
سہ ماہی ۷ ٫
ماہوار ۲/۱ ٫

یوم جمعۃ المبارک

۱۷ ذیقعدہ ۱۳۶۹ سنہ ہجری

فی پرچہ ١

جلد ۳۸/۴	یکم تبوک ۱۳۲۹ ہش	یکم ستمبر ۱۹۵۰ء	نمبر ۲۰۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پاکستان ترقی کی ۴۵ سکیموں کیلئے عالمگیر بنک سے ۷۵ کروڑ روپیہ قرض لیگا

کراچی اسوا گرت۔ پاکستان عالمگیر بنک سے ۷۵ کروڑ روپیہ قرضہ حاصل کرنے کی کوشش کریگا۔ یہ روپیہ ۴۵ سکیموں کو عملی جامہ پہنانے کے سلسلے میں حاصل کیا جائیگا۔ اس امر کا انکشاف وزیر خزانہ آنریبل مسٹر غلام محمد نے آج صبح پیرس روانہ ہونے سے قبل اخبار نویسوں کے متعدد سوالات کے جواب میں کیا۔ مسٹر غلام محمد وہاں بین الاقوامی مالی فنڈ کی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے لنڈن میں عنقریب منعقد ہونے والی دولت مشترکہ اقتصادی کانفرنس کے متعلق بھی سوالات کے جواب دئیے۔

کوئی الاٹمنٹ کسی صورت میں بھی ۴۵۰ ایکڑ اراضی سے بڑھنے نہیں پائیگی

غیر گنجان آباد اضلاع میں دعاوی منتقل کرانے کی میعاد بڑھا دی گئی

لاہور ۳۱ اگست۔ پاکستان پنجاب مشترکہ رفیوجی کونسل کے فیصلہ جات کی پیروی میں حکومت پنجاب نے فیصلہ کیا ہے کہ بحالیاتی بندوبست سکیم کے تحت ان اشخاص کے دعاوی کامل طور پر پورے کئے جائیں گے جو ۲۵۰ ایکڑ اراضی یعنی پیداوار کے چھ ہزار یونٹ تک کی الاٹمنٹ کے مستحق ہیں اور ان رقبہ جات کے سلسلہ میں پچاس فیصدی تخفیف حاوی کی جائے گی جو متذکرہ صدر رقبہ سے متجاوز ہوں گے۔ مگر واضح رہے کہ کوئی الاٹمنٹ کسی صورت میں بھی چار سو پچاس ایکڑ اراضی یعنی چھتیس ہزار پیداواری یونٹ سے بڑھنے نہیں پائے گی۔ چونکہ اضلاع لائلپور۔ منٹگمری (ماسوائے تحصیلات پاکپتن و دیپالپور کے) ملتان (ماسوائے تحصیل لودھراں کے) اور ضلع شاہپور کے کالونی رقبہ کے گنجان آباد اضلاع میں کثیر رقبوں کے مستحق اشخاص کے دعاوی کو پورا کرنا نہ تو قابل عمل ہے اور نہ ہی ممکن۔ اس لئے حکومت نے ایسے دعویداروں کو غیر گنجان آباد اضلاع میں اپنے دعاوی منتقل کرنے کے بارے میں موقعہ دینے کا مزید فیصلہ کیا ہے۔ لہٰذا ایسے تمام بڑے مالکان کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ انہیں اپنے تمام مطالبات کے مقررہ فارموں پر متعلقہ اضلاع یا کالونی کے ڈپٹی کمشنر صاحبان یا کالونی افسران کے پاس اس سرکاری اطلاع کی اشاعت سے ایک ماہ کی مقررہ میعاد کے اندر اندر رجسٹر کرا دینے چاہئیں جہاں وہ اپنے دعاوی فارم پہلے درج رجسٹر کرا چکے ہیں۔ ان فارموں میں متعلقہ اشخاص کو ان تین غیر گنجان آباد اضلاع کا نام بہ اعتبار اولیت درج کرانا ہوگا۔ جہاں وہ الاٹمنٹ حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں۔ (سرکاری اطلاع)

چین میں پاکستان کا سفارتی مشن قائم کرنیکے انتظامات کو آخری شکل دی جارہی ہے

چودھری محمد ظفر اللہ خاں لیک سکسیس جانے کیلئے بذریعہ ہوائی جہاز دمشق روانہ ہو گئے

کراچی ۳۱ اگست۔ وزیر خارجہ پاکستان آنریبل چودھری محمد ظفر اللہ خاں جو جنرل اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے لیک سکسیس جانے کے لئے آج صبح بذریعہ ہوائی جہاز دمشق روانہ ہو گئے۔ روانہ ہونے سے قبل آپ نے ایک بیان میں بتایا کہ پیکنگ میں پاکستان کا سفارتی مشن قائم کرنے کے انتظامات مکمل ہونے والے ہیں۔ آجکل انہیں آخری شکل دی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں ابتدائی امور طے کرنے کے لئے کچھ عرصہ ہوا ایک افسر کو چین بھیجا گیا تھا جس نے مناسب کارروائی عمل میں لا کر ابتدائی انتظام قریب قریب مکمل کر لیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں آپ نے خیال ظاہر کیا کہ جنرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے سے قبل ہی سلامتی کونسل میں مسئلہ کشمیر پر بحث ختم ہو جائے گی۔ یاد رہے جنرل اسمبلی کا اجلاس لیک سکسیس میں ۱۹ ستمبر سے شروع ہو رہا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں آپ نے کہا۔ جنوبی افریقہ کے مسئلہ کے بارے میں پاکستان کی اب بھی یہی کوشش ہے کہ تینوں ملکوں کی گول میز کانفرنس منعقد ہو۔ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ افغانستان اور پاکستان کے باہمی اختلافات کو ختم کرانے کیلئے شہنشاہ ایران نے مصالحت کی جو پیشکش کی تھی۔ اس میں کچھ مزید ترقی ہوئی ہے یا نہیں؟ آپ نے فرمایا۔ اس بارے میں اور کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے۔

چودھری محمد ظفر اللہ خاں (قائد وفد) کے علاوہ وفد کے حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہوگا

(۱) مشرقی بنگال کے وزیر مال مسٹر تفضل علی۔

(۲) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے مسٹر اے۔ ایس بخاری (۳) واشنگٹن میں پاکستان کے وزیر مسٹر امجد علی اور (۴) اوٹاوا میں پاکستان کے نمائندے مسٹر ضیاء الدین ان کے علاوہ محمد عیسیٰ حاتم علوی اور سندھ چیف کورٹ کے سابق جج مسٹر سی۔ ایم لوبو متبادل نمائندوں کی حیثیت سے وفد کے ساتھ ہوں گے۔

ادب کے لحاظ سے خدا تعالےٰ کہنا چاہیئے

اللہ تعالےٰ کا ذکر کرنے وقت محض "خدا" یا "اللہ" کہنا غیر مناسب معلوم ہوتا ہے احباب کو چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ کا نام لیتے وقت "اللہ تعالیٰ" یا "خدا تعالیٰ" کہا کریں کیونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کی غرض الٰہی صفات اور عظمت کو قائم کرنا ہے۔ اس لئے زبان پر بھی اللہ تعالےٰ کا نام آتے وقت اس کی بلندی شان کا اظہار ہونا چاہیئے

مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ رتن باغ میں میرے عرض کرنے پر سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا تھا کہ ادب کے لحاظ سے تو خدا تعالیٰ ہی کہنا چاہیئے۔ سراج الدین

پوہانگ کے مغرب میں اقوام متحدہ کی فوجیں دو میل اور آگے بڑھ گئیں

امریکی گولہ باری کی تاب نہ لا کر شمالی کوریائی فوجیں میدان چھوڑ رہی ہیں

ٹوکیو ۳۱ اگست۔ اقوام متحدہ کی فوجیں پوہانگ کے مغرب میں آج دو میل اور آگے بڑھ گئیں گذشتہ دو روز میں وہ اب تک تین میل آگے بڑھ چکی ہیں۔ تازہ خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ اس علاقے میں امریکی بم باری اور توپوں وغیرہ کی تاب نہ لا کر شمالی کوریا کی فوجیں میدان چھوڑتی جارہی ہیں۔ دوبارہ نکٹانگ کے وسطی محاذ پر امریکہ کے سیکنڈ ڈویژن نے کمیونسٹوں کے مورچوں پر متعدد حملے کئے اور ان کے فوجی ٹھکانوں پر بم برسائے۔ پوہانگ کے محاذ اور مسان کے علاقے میں اہم ٹھکانوں پر حملے کرنے کے لئے آج امریکی ہوائی جہازوں نے دو سو سے زیادہ اڑانیں کیں۔

بافندہ مہاجرین کی آبادکاری کیلئے علیحدہ انتظام

لاہور ۳۱ اگست۔ گنجان آباد شہروں اور قصبوں میں بے روزگار مہاجر دستکاروں کو بے روزگاری کی مصیبت سے نجات دلانے کیلئے حکومت پنجاب نے قصبات منکیرہ اور حیدر آباد میں جو کہ جھنگ بھکر کی پکی سڑک پر جھنگ سے بالترتیب ۴۵ اور ۶۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہیں قریباً تین ہزار مکان اور دوکانیں بافندہ مہاجرین کیلئے مخصوص کر دی ہیں۔ کاریگروں کے نام اراضی الاٹ کرنیکا بندوبست بھی کیا تھا۔ علاوہ ازیں انہیں سستے داموں سوت ۴ مہیا کیا جائے گا۔ ان قصبات میں سکونت اختیار کرنے کے خواہشمند بافندہ مہاجرین کو چاہیئے کہ اپنی درخواستیں ڈپٹی ڈویلپمنٹ افسر احمد شاہ ابدالی روڈ ملتان کے پتہ پر ارسال کریں۔ (سرکاری اطلاع)

ایڈیٹر:- روشن دین تنویر بی اے۔ ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹرو پبلشر نے کو اپریٹو کیپیٹل پرنٹنگ پریس وطن بلڈنگ لاہور سے طبع کرا کر ۳ میکلیگن روڈ لاہور سے شائع کیا گیا

چودھری محمد ظفر اللہ خاں وزیرِ خارجہ پاکستان کے متعلق دو رائیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اسلامی دنیا کی رائے

چودھری محمد ظفر اللہ خاں عرب دنیا کے کامل اعتماد کے باعث مبارکباد کے مستحق ہیں

وزیر خارجہ پاکستان کے نام عرب لیگ کے سکرٹری جنرل عبد الرحمٰن عزام پاشا کا برقیہ

قاہرہ ۳۰ راگست۔ عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل عبد الرحمن عزام پاشا نے وزیر خارجہ پاکستان آنریبل چودھری محمد ظفر اللہ خاں کے نام ایک تار ارسال کیا ہے۔ جس میں انہیں عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کے اس فیصلے کی اطلاع دی گئی ہے کہ تمام عرب ممالک جنرل اسمبلی کے آئندہ اجلاس کی صدارت کے لئے جو ماہ ستمبر کے وسط میں فلشنگ میڈوز (امریکہ) میں منعقد ہو رہا ہے۔ چودھری صاحب موصوف کی پُرزور حمایت کریں گے۔ عرب ملکوں اور پاکستان کے درمیان جو گہرے دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔ تار میں ان کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ نیز عرب ممالک نے چودھری محمد ظفر اللہ خاں کی حمایت کے سلسلے میں آپ کی ذات والا صفات پر جس کامل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ تار میں اس کا حوالہ دیتے ہوئے عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل نے چودھری صاحب موصوف کی خدمت میں اس قابل رشک ہردلعزیزی پر مبارکباد پیش کی ہے۔ یاد رہے گذشتہ دنوں جب عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں یہ مسئلہ زیر غور آیا تھا۔ تو تمام ممبران نے چودھری صاحب کی حمایت کا متفقہ طور پر فیصلہ کیا تھا۔ اور کسی ایک ممبر نے بھی اسکی مخالفت نہیں کی تھی۔ نیز عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل عبد الرحمٰن عزام پاشا نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ کہ چودھری صاحب کی خدمات کو دیکھتے ہوئے تمام عرب ممالک اس امر کو اپنی خوش قسمتی تصور کرتے ہیں کہ وہ جنرل اسمبلی کے آئندہ اجلاس کی صدارت کے لئے یک زبان ہو کر آپ کی حمایت کریں۔

"صالحانہ رائے"

مسئلہ کشمیر کی وضاحت

کشمیر کے مسئلہ کو حل کرنے میں سر اوون ڈکسن نے اپنی ناکامی کا اعتراف کر لیا۔ اس کی توضیح میں مسٹر لیاقت علی خاں نے جو بیان پریس کانفرنس میں اور جو عذر گناہ پنڈت نہرو نے دہلی میں پیش کیا۔ اس نے حقیقت حال کو بالکل واضح کر دیا۔ مگر اب سنا گیا ہے۔ کہ بادشاہ بخیر سر ظفر اللہ خاں بالقابہ امریکہ جاتے ہوئے لندن میں اس مسئلہ کی مزید وضاحت فرمائیں گے۔

ہمیں اس امر سے تو اختلاف نہیں۔ کہ اس مسئلہ کی وضاحت دنیا کے ہر بڑے شہر میں ہونی چاہیئے۔ مگر جب ہم یہ سنتے ہیں کہ اس **وضاحت کا بار سر ظفر اللہ خاں قادیانی** کا دوش ناتواں اٹھائے گا۔ تو ہمارے حواس ہمیں جواب دینے لگتے ہیں۔ ہمارے وزیر خارجہ نے بلاشبہ طوالت تقریر میں تو ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ مگر انہوں نے اتنا ہی مسئلہ کشمیر کو خراب کیا ہے۔ وہ رطب و یابس کی اتنی بڑی مقدار سامعین کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔ کہ اصل مسئلہ اسی میں دب کر رہ جاتا ہے۔ اور حقیقت حال کو معلوم کرنا اتنا ہی دشوار ہو جاتا ہے۔ جتنا بھوسے میں گری ہوئی سوئی کو ڈھونڈنا۔ لیک سکیس اور پیرس میں انہوں نے یہی حرکت کی۔ اور اس سے حریف نے خوب فائدہ اٹھایا۔ حقیقت میں ہمیں لمبی تقریروں کی ضرورت نہیں۔ بلکہ جچی تلی زبان میں بات کہنے والے سیاست دانوں کی۔ سیاسی مسائل حیات و ممات مسیح اور ظلی و بروزی نبوت کی طرح کے کلامی مسائل نہیں۔ بلکہ عقل و تدبر سے حل کئے جانے والے معاملات ہیں۔ اگر ہمارے وزیر خارجہ لندن میں اپنی زبان بند ہی رکھیں۔ اور صرف مسٹر لیاقت علی خاں کا بیان شائع کر کے رہ جائیں۔ تو زیادہ بہتر ہوگا۔ (کوثر یکم ستمبر ۵۰ء)

نوٹ۔ قارئین کرام معاصر "کوثر" کی رائے کے متعلق اس بات کا لحاظ رکھیں۔ کہ مدیر "کوثر" نے اپنی یہ رائے اس حالت میں ظاہر کی۔ جبکہ ان کے حواس جواب دے چکے تھے چنانچہ اسی رائے میں ان کا اپنا اعتراف موجود ہے۔ قل اعوذ برب الفلق .... ومن شر حاسد اذا حسد

عہدیداران ضلع گوجرانوالہ توجہ فرمائیں

(۱) پنجاب اسمبلی کے ووٹروں کی لسٹیں چھپ چکی ہیں۔ تمام پریذیڈنٹ جماعتہائے احمدیہ ضلع گوجرانوالہ کی خدمت میں عرض ہے۔ کہ وہ اپنی اپنی جماعت کے ووٹروں کی لسٹ تیار کر کے شائع شدہ لسٹوں سے مقابلہ کر کے دیکھ لیں۔ کہ تمام ووٹروں کے نام ان لسٹوں میں آ گئے ہیں۔ اگر کوئی نام شائع ہونے سے رہ گئے ہوں یا غلط چھپ گئے ہوں۔ تو ان کی طرف سے درخواستیں مطبوعہ فارموں پر دیکھ کر دوٹ بنوا لئے جائیں۔ یاد رہے کہ ایسی درخواستیں دینے کی آخری تاریخ ۳ ستمبر ہے۔

(۲) تمام ووٹروں کی لسٹ حسب ذیل طرز پر تیار کر کے امیر ضلع کو بھجوا دیں:-

(۱) نمبر شمار (۲) نام ووٹر مع ولدیت یا زوجیت (۳) نمبر ووٹ۔

(امیر جماعتہائے احمدیہ ضلع گوجرانوالہ)

خدام الاحمدیہ سالانہ اجتماع

مجالس اپنی رسید بکیں بھجوا دیں

مجالس کے حسابات کی پڑتال کے لئے رسید بکوں کی چیکنگ نہایت ضروری ہے چونکہ قائدین مجالس سالانہ اجتماع کے موقعہ پر ربوہ آتے وقت اپنی تمام رسید بکیں ہمراہ لیتے آئیں۔ اور آتے ہی دفتر میں پڑتال کے لئے دیدیں۔ رسید بکیں خواہ ختم ہو چکی ہوں۔ یا ابھی جاری ہوں۔ سب کی سب آنی ضروری ہیں۔ اسی طرح حسابات آمد و خرچ کے رجسٹر مع رسیدات آنے ضروری ہیں۔ اگر کسی وجہ سے قائد مجلس خود نہ آ سکتے ہوں۔ تو اجتماع پر آنے والے خدام اور نمائندگان کے ذریعہ بھجوا دیں۔ جو اجتماع سے واپسی پر ساتھ لیتے جائیں گے۔ (نائب معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

شمالی امریکہ میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی صحت و درازی عمر کیلئے روزے اور دعائیں

ٹیسی برگ (شمالی امریکہ) کے احمدی احباب نے جب سے حضور کی علالت کی خبر سنی ہے۔ حضور کی صحت و درازی عمر کے لئے دعائیں کرتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں انہوں نے دو دن روزے رکھے اور خاص طور پر دعاؤں پر زور دیا گیا۔ صدقہ کے لئے دو تین بکروں کی قیمت مرکز میں ارسال کی۔ دور کے ممالک کے لوگوں کا حضور کی صحت و عافیت کے لئے دعائیں کرنا ان کی گہری عقیدت کا اظہار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اور بھی قربانیاں کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (عبد الرشید نائب وکیل التبشیر)

روزنامہ ——— الفضل ——— لاہور

یکم ستمبر ۱۹۵۰ء

بیع ——— ربوٰا ——— مزارعت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کل ہم نے "الفضل" میں ہفت روزہ "آفاق" کے مولانا طُس صاحب کی ایک غلطی پر روشنی ڈالی تھی۔ جو انہوں نے بیع کی تعریف میں کی تھی۔ اور جس غلطی کی بناء پر آپ نے مزارعت کو از روئے قرآن کریم حرام ثابت کرنے کی کوشش فرمائی ہے۔ ہم نے بتایا تھا کہ آیہ احل اللّٰہ البیع و حرم الربوٰ میں جو اللہ تعالےٰ نے بیع کو حلال اور ربوٰ کو حرام فرمایا ہے۔ تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ بیع میں سرمایہ اور محنت دونوں لگتے ہیں اور ربوٰ میں صرف سرمایہ لگتا ہے۔ بلکہ بیع کو حلال اور ربوٰ کو حرام قرار دینے کی اصل وجہ یہ ہے کہ بیع میں تمام دارومدار انسان کی عقل و تدبیر پر نہیں ہوتا۔ بلکہ انسانی عقل و تدبیر ایک حد تک کام کرتی ہے۔ اس کے بعد ایک بہت بڑا حصہ اللہ تعالےٰ کی قدرت کے اختیار میں رہتا ہے۔ اور یہی حصہ ہے جو از روئے اسلام نہائت اہم ہے۔ کیونکہ اس حصہ کے عمل سے انسان اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کرنے کا موقعہ پاتا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اس حقیقت کو سورہ فاتحہ کی دعا میں نہائت وضاحت سے بیان فرمایا ہے۔ اور بتایا ہے کہ ایک سچا مومن ایاک نعبد پر ہی تمام انحصار نہیں رکھتا۔ بلکہ اس کے ساتھ ایاک نستعین پر بھی انحصار رکھتا ہے۔

اگر ہم دنیا کے نظام اور انسانی عقل و تدبیر کی وسعت پر غائر نظر ڈالیں تو ہم کو معلوم ہوگا۔ کہ بے شک ایک حد تک تو عقل و تدبیر کام کرتی ہے۔ مگر اس حد کے بعد قدرت پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً ہم چاہتے ہیں کہ گندم کی ایک اچھی فصل پیدا کریں۔ ہم عقل و تدبیر سے کام لے کر پہلے تو اس موسم کا انتظار کریں گے۔ جس میں گندم نشوونما پاتی ہے۔ پھر زمین پسند کر کے بیج اگانے اور فصل پیدا کرنے کے قابل جو تدابیر ہیں اختیار کریں گے۔ خوب ہل چلا کر زمین کو نرم کریں گے۔ ضروری کھاد ڈالیں گے۔ پانی مہیا کریں گے۔ اور اندازے سے پانی دینگے۔ اور اچھے سے اچھا بیج حاصل کریں گے۔ اور پھر بہترین ذریعہ سے اس کو زمین میں بوئیں گے۔ وغیرہ وغیرہ یہاں تک تو ہماری عقل و تدبیر کا حصہ ہے۔ لیکن دانے کا زمین میں پھوٹنا اور زمین سے ان خاص قوتوں کو جذب کرنا جن سے وہ نشوونما پاتا ہے۔ یہ بات ہماری عقل و تدبیر سے بالا ہے۔ ہم دانے میں بیٹھ کر قوتوں کے جذب کے طریق اور عمل کی راہ نمائی نہیں کر سکتے۔ خواہ زراعتی سائنس کتنی بھی ترقی کر جائے۔ ہم ایک گندم کے دانے میں بیٹھ کر ان قوتوں کے عمل جذب کے کنٹرول پر کبھی قدرت حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ باریک در باریک عمل جو زیر زمین وقوع پذیر ہوتا ہے انسانی عقل و تدبیر کے احاطہ اقتدار سے کلیتہً باہر ہے۔ اسلامی اصطلاح میں یہی حصہ ہے۔ جو اللہ تعالےٰ نے صرف اپنے اختیار میں رکھا ہوا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم اسکو عطیہ خداوندی کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ حصہ ہماری عقل و تدبیر اور محنت سے زائد ہے۔

اگر ہم اس نہج سے غور کریں تو ہمیں ثابت ہوگا کہ کارخانہ عالم میں اس عطیہ خداوندی کا حصہ لامحدود ہے۔ اور اگر جب سے انسان بنا ہے اس وقت سے لے کر آج تک کی تمام عقلی تدابیر جو اس نے سوچی ہیں ان کو یکجا جمع کریں۔ تو وہ تمام تدبیریں ایک گندم کے دانہ کی مخفی حکمتوں کے سامنے اتنا بھی وقعت نہیں رکھتیں۔ جتنا کہ کوہ ہمالیہ کے سامنے رائی کا ایک دانہ رکھتا ہے۔ ہوا، مٹی، پانی، آگ میں جو ایسی قوتوں کے خزانے مخفی ہیں اور جو گندم کے ایک دانہ کی نشوونما کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ ان کا قیاس بھی انسانی عقل نہیں کر سکتی۔ تو پھر جائے غور ہے اس تمام نظام کائنات کی ایسی تمام قوتوں کا حصہ انسانی تخیل کی پرواز سے کتنا بالا ہو سکتا ہے۔ مادہ پرست فلاسفہ کی شامت یہ ہے کہ وہ قوت کے ان بیکراں خزانوں کو جن کو قیامت تک کوئی انسانی تدبیر اپنے حیطہ ادراک میں نہیں لا سکتی بالکل فراموش کر دیتے ہیں۔ محض اپنی نہائت محدود عقل پر انحصار کر کے جس کی اس مخفی طاقتوں کے بیکراں خزانوں کے سامنے ذرا بھی وقعت نہیں ہے۔ جو گندم کے ایک دانے کی نشوونما میں ممد و معاون ہوتے ہیں۔ جدلی قسم کے نہائت محدود قانون گھڑ کر اور ان کو ہمہ گیر سمجھ کر انسانی زندگی کے تمام پیچ در پیچ معاشی مسائل کے حل کرنے کے لئے بیٹھ جاتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ خالص مادی نظریات بھی جو نہائت باریک آلات کی مدد سے ناپ تول کر مشاہدہ اور تجربہ کئے جاتے ہیں۔ اور جو کل تک سائنسی لیبارٹریوں میں صحیح سمجھے جاتے ہیں۔ آج غلط ثابت ہو جاتے ہیں۔

اسلام اور مادہ پرستی میں یہی فرق ہے کہ اسلام ان باریک در باریک قوتوں کو بھی جو کبھی انسان کے قبضہ میں نہیں آ سکتیں تسلیم کر کے اپنے نظریات زندگی پیش کرتا ہے۔ وہ انسانی عقل و تدبیر کے حقائق کے ساتھ ان حقائق کو بھی مانتا ہے۔ جن کا ادراک انسانی عقل و تدبیر کے حدود میں نہیں سما سکتا۔ وہ ان تمام مخفی در مخفی حقائق کا منبع ایک واحد ذات خدا تعالےٰ کو مانتا ہے۔ اور ان مخفی در مخفی قوتوں کو انسانی زندگی پر اسی طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر مؤثر سمجھتا ہے۔ جس طرح اور جس قدر وہ عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔ جن کو وہ تجربہ اور مشاہدہ کی ترازو سے تول اور عقل کے گز سے ماپ سکتا ہے۔

اس سے مادہ پرستوں اور اسلام کے نقطہ نظر کا تضاد واضح ہو جاتا ہے۔ اس لئے مسائل زندگی کا اسلامی حل مادہ پرستوں کے حل سے بالکل مختلف ہے۔ افسوس ہے کہ جو لوگ قرآن کریم سے خالص مادہ پرستی کے نقطہ نظر سے معاشی مسائل کا حل تلاش کرنے بیٹھتے ہیں۔ وہ اسلام اور خالص مادہ پرستی کے اس تضاد کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔

اگر ہم معاشی مسائل کا حل قرآن کریم سے دریافت کرنا چاہتے ہیں تو پہلے ہمیں متذکرہ بالا تضاد کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ اور اسلامی نقطہ نظر کو کماحقہ سمجھنا پڑے گا۔ ورنہ ہماری تمام کاوش کا ماحصل اتنا ہی ہوگا جتنا کہ اس شخص کو حاصل ہو سکتا ہے۔ جو کسی چیز کی پیمائش گز کی بجائے وزن کے بٹوں سے کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مولانا طُس صاحب نے بیع اور ربوٰ کے حلال و حرام کی اصل وجہ معلوم کرنے میں یہی غلطی کھائی ہے۔ آپ نے دونوں کو بجائے اسلامی نقطہ نظر کے گز سے ناپنے کے مادہ پرستوں کے وزن کرنے والے بٹوں سے پیمائش کرنے کی کوشش کی ہے جو ناممکن ہے۔ آپ محنت اور سرمایہ کے مادی اصولوں سے دونوں کا امتیاز معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ یہ دونو الفاظ قرآن کریم کے ہیں۔ اور مولانا کو علم ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ان کا استعمال اسلامی نقطہ نظر سے کیا ہے۔ جن کا تضاد خالص مادی نقطہ نظر سے ہم اوپر واضح کر چکے ہیں۔ اور جس کے رُو سے بیع اس لئے حلال ہے کہ غیر معین ہونے کی وجہ سے وہ اسلامی زندگی کے منتہائے مقصود کے حصول میں ممد و معاون ہے۔ اور ربوٰ اسلام میں اس لئے حرام ہے کہ یہ عقل پرستوں اور مادہ پرستوں کے نظریات کو تقویت پہونچاتا ہے اور ان کی محدود تدابیر کا نتیجہ ہے۔

اب آئیے دیکھیں مزارعت دونوں (بیع اور ربوٰ) میں سے کس کے زیادہ نزدیک ہے بیع کے یا ربوٰ کے۔ ہمارے خیال میں مزارعت بیع سے زیادہ مماثلت رکھتی ہے کیونکہ باوجود زراعتی سائنس کی اتنی ترقی کے ہم ایک کھیت کی پیداوار کو یقینی طور پر معین نہیں کر سکتے۔ موجودہ دور میں بھی پیداوار بڑی حد تک قدرتی طاقتوں کے عطیہ پر انحصار رکھتی ہے۔ اگر بالفرض فصل خراب ہو جائے۔ تو مزارعت کی صورت میں مالک اور مزارع دونوں کو یکساں نقصان ہوگا۔ اگر مالک نقد اجرت دے کر کاشت کراتا ہے۔ جیسا کہ آپ کے خیال میں زراعت کی صحیح اسلامی صورت ہے۔ تو خرابہ کی صورت میں صرف مالک ہی کو نقصان ہوگا۔ اور نقد لگان کی صورت میں صرف مزارعہ کو۔ اس لئے یہ دونو صورتیں مزارعت کے مقابلہ میں غیر اسلامی اور نامرغوب ہیں۔ اسلام میں محنت بھی ویسا ہی قدرت کا عطیہ اور سرمایہ ہے۔ جیسا کہ زمین کا ایک قطعہ۔ مزارعت کی صورت میں ایک کاشتکار بیماری یا کسی اور وجہ سے محنت نہ کرے۔ تو مالک اور مزارعہ دونوں کو اختیار ہوگا۔ اور اگر کسی نامعلوم وجہ سے فصل خراب ہو جائے۔ تو پھر بھی دونوں کو یکساں فائدہ ہوگا۔ یا درہے کہ مزارعت کے شرائط عدل و انصاف سے طے کئے جا سکتے ہیں۔ اس کے باوجود بھی قدرت کی دسترس باقی رہتی ہے اور اسلام یہی چاہتا ہے۔ پھر اسلام ایسی چیز کو کس طرح حرام قرار دے سکتا ہے۔ کیا یہ غضب نہیں ہے کہ کلام اللہ پاک کی آیات سے دور از قیاس اور پیچ در پیچ تاویلیں کر کے اس کی حرمت ثابت کی جائے۔

درخواست ہائے دُعا

(۱) میرے پوتے حمید احمد و مبارک احمد و رشید احمد کچھ عرصہ سے بعارضہ بخار و پیچش بیمار ہیں۔ احباب ان کی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔ امیر محمد ہیڈ کلرک دفتر الفضل (۲) میری لڑکی اقبال بیگم بعارضہ ٹائیفائڈ ایک ہفتہ سے بیمار ہے۔ اور بہت کمزور ہو گئی ہے۔ احباب اس کی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔ خاکسار محمد یعقوب کاتب (نگی) رتن باغ لاہور

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ الفضل خود خرید کر پڑھے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ کراچی کا قابلِ تقلید نمونہ

از مکرم خانصاحب مولوی فرزند علی صاحب ناظر بیت المال ربوہ (شعبہ حفاظت و تنظیم)

قریباً تین ماہ کا عرصہ ہوا کہ میں نے سید محمد لطیف صاحب انسپکٹر بیت المال کو چندہ حفاظت مرکز کی فراہمی کے لئے کراچی بھیجا تھا۔ پاکستان کے دار السلطنت میں ہماری جماعت پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد ماشاء اللہ بہت بڑھ گئی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کے فضل سے صیغہ بیت المال کی نمائندگی کراچی میں نہایت قابل ہاتھوں میں ہے۔ وہاں کے سیکرٹری مال اپنے جماعتی عہدے کے فرائض منصبی کو نہایت اخلاص سے بڑی محنت اور دیانتداری کے ساتھ ادا کرتے ہیں ؛

کراچی شہر چونکہ کئی میلوں میں پھیلا ہوا ہے اس لئے جماعت کو چودہ حلقوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ہر حلقہ کا علیحدہ سیکرٹری مال مقرر ہے۔ اور ہر حلقہ میں سیکرٹری مال کی امداد کے لئے حسب ضرورت محصل مقرر ہیں۔ اس طرح سے ہر حلقہ کا کام خوش اسلوبی سے چل رہا ہے مرکزی سیکرٹری مال تمام حلقہ جات مقامی کی نگرانی کرتے اور نظارت ہذا کے ساتھ خود خط و کتابت کرتے ہیں۔ اس وقت مرکزی سیکرٹری صاحب مال میاں عبدالحق صاحب رامہ ہیں۔ ان کے حق میں ہمارے دلوں سے بے اختیار دعا نکلتی ہے۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء

اس کے علاوہ اللہ تعالےٰ کے فضل سے جماعت کراچی کو امیر مقامی چوہدری عبداللہ خان صاحب جیسے دوست میسر ہیں۔ جو سلسلہ کے مخلص ترین خدام میں سے ہیں۔ انہوں نے نہایت خوشی کے ساتھ ہمارے انسپکٹر صاحب کا خیر مقدم کیا اور خود ان کے ساتھ شامل ہو کر دوستوں کے پاس جا کر بہترین قسم کا تعاون کیا۔ ان کے علاوہ نائب امیر چوہدری بشیر احمد صاحب نے اور مرکزی سیکرٹری مال میاں رامہ صاحب نے بہت ہی قابل قدر کوشش اس چندہ کی فراہمی کے لئے کی۔ ان دوستوں کے علاوہ مندرجہ ذیل سیکرٹریان مال حلقہ جات نے بھی بہت محنت کے ساتھ اس مشکل کام میں سید محمد لطیف صاحب کا ہاتھ بٹایا۔

صوبیدار محمد نعیب صاحب عارف حلقہ مائیر میاں عبدالقادر صاحب حلقہ ڈرگ روڈ۔ چوہدری ابراہیم صاحب حلقہ رام سوامی۔

ان دوستوں کے نام درخواست دعا کے ساتھ شروع ماہ جون میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی خدمت میں پیش کر دیئے گئے تھے۔ اور میں خود ان کے لئے التزام کے ساتھ دعا کرتا رہتا ہوں اللہ تعالےٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

درحقیقت ہم تمام جماعت کراچی کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے چندہ حفاظت مرکز کی ادائیگی اور نئے وعدوں کے کرنے میں نہایت عمدہ نمونہ دکھایا اور اپنے میں سے ایک مستعد دوست کو جن کا نام شیخ عبدالوہاب ہے۔ اور جو سلسلہ کے ایک معروف رکن اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابی منشی حبیب الرحمن صاحب رضی اللہ عنہ آف حاجی پورہ (ریاست کپورتھلہ) کے نبیرہ ہیں۔ ان کو سیکرٹری چندہ حفاظت مرکز مقرر کیا۔ اور یہ ان تمام دوستوں کی محنت کا اور جماعت کے اخلاص کا نتیجہ ہے۔ کہ جو وعدے مختلف احباب نے سید محمد لطیف صاحب کے دورے کے وقت کئے تھے۔ ان کی طرف سے چندے کی رقمیں برابر چلی آ رہی ہیں۔

میں نے اپنے مضمون کے مندرجہ بالا حصہ میں چندہ حفاظت مرکز کی فراہمی کے کام کو مشکل کہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ اس چندہ کی تحریک اولاً شروع ۱۹۴۷ء میں کی گئی تھی۔ اور ایک معتدبہ رقم وصول بھی ہوئی تھی۔ مگر بعد میں جلد ہی ملک میں فسادات شروع ہو گئے۔ اور ہجرت کی وجہ سے عام ہلچل پیدا ہو گئی۔ اس وجہ سے یہ تحریک احباب کی نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ اور بعض احباب نے سمجھ لیا کہ اب اس چندہ کی ضرورت نہیں رہی۔ ایسے لوگوں کو بیدار کرنے کے لئے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے گزشتہ جلسہ سالانہ پر جو تقریر فرمائی اس میں سے ایک حصے کا اقتباس مندرجہ ذیل ہے

میں جانتا ہوں کہ نادہندگان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ قادیان کی جنگ چونکہ ختم ہو چکی ہے۔ اس لئے اب کسی چندہ کی ضرورت نہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ قادیان کی حفاظت اب بھی روپیہ چاہتی ہے لیکن وہ چاہتے ہیں کہ قادیان میں رہنے والے بھوکے مریں اور ان کی حفاظت کے لئے کچھ نہ کیا جائے حالانکہ اس کے لئے ہمیں بار بار قربانی کرنی پڑے گی۔ اور متواتر جدوجہد جاری رکھنی ہوگی۔ وہ لوگ جو اپنی جائدادیں مشرقی پنجاب چھوڑ آئے ہیں انہیں کوشش کرنی چاہیئے تھی کہ وہ چندہ پہلے ادا کر دیتے لیکن اگر اب وہ اس حالت میں نہیں کہ چندہ ادا کر سکیں۔ تو کم از کم وہ یہ لکھ کر دے دیں۔ کہ ہماری جائدادیں مشرقی پنجاب میں رہ گئی ہیں۔ اور اب ہم اس قابل نہیں کہ اپنے وعدہ کو پورا کر سکیں۔ اس کے بعد وہ ثواب حاصل کرنے کے لئے اس مد میں خواہ ایک روپیہ ہی چندہ دے سکیں دے دیں۔ یہ چندہ ان کی جائدادوں کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بلکہ بطور اظہار عقیدت یہ بتانے کے لئے ہوگا کہ اگرچہ ہم غریب ہیں مگر ہمارا دل غریب نہیں۔ اور اس سے یہ بھی پتہ لگ جائے گا۔ کہ نادہندگان میں سے کتنے ہیں جو وعدہ پورا کرنے سے معذور ہیں۔"

"جب وعدہ کنندگان کو اپنے وعدوں کی طرف توجہ دلائی گئی۔ تو ان میں سے بعض نے جواب دیا کہ ہم تو سمجھتے تھے کہ کام ختم ہو گیا۔ اس لئے اب اس چندے کی ضرورت نہیں رہی۔ مگر یہ جواب صحیح نہیں تھا۔ کام جاری ہے اور اس وقت تک جاری رہے گا۔ جب تک قادیان میں پورا امن و امان ہو کر وہاں سے سلسلہ اپنا مرکزی کام آزادی سے شروع نہیں کر سکتا لیکن جو لوگ مشرقی پنجاب سے آئے ہیں۔ اور اب چندہ دینے سے معذور ہیں۔ انہیں کم از کم اپنے کھاتے صاف کرا دینے چاہئیں۔ اور پھر حسب توفیق ایک روپیہ یا آٹھ آنے ہی اگر وہ چندہ دے سکتے ہیں تو حفاظت مرکز کے لئے ارسال کر دیں تاکہ وہ ثواب سے محروم نہ رہیں۔ اور جو اس طرف (مغربی پاکستان) کے رہنے والے ہیں اور ان کی جائدادیں محفوظ ہیں۔ ان سے میں کہتا ہوں کہ تم اپنی ذمہ واریوں کو سمجھو اور یہ چندہ بہت جلد ادا کرنے کی کوشش کرو۔ اور وہ کارکن جو چندہ دے چکے ہیں انہیں میں کہتا ہوں کہ تمہارا کام ہے کہ غافل مومنو کو بیدار کرو۔ دفتر سے اپنی جماعت کے وعدوں کی نقول منگواؤ اور لوگوں کے پاس جاؤ اور انہیں ادائیگی کی طرف متوجہ کرو۔ یاد رکھو غافل مومن کبھی کبھی منافقوں کی آواز سے سو جاتا ہے۔ لیکن مخلصوں کی آواز سے جاگ بھی اٹھتا ہے۔ اگر جماعت میں بعض غافل مومن سو رہے ہیں۔ تو مخلصوں کا بھی فرض ہے۔ کہ انہیں بیدار کریں۔"

"آخر میں حضور نے فرمایا اب میں ان لوگوں سے جنہوں نے چندہ ادا نہیں کیا کہتا ہوں کہ آپ اپنے بقایا اگلے چھ ماہ میں ادا کر دیں (مشرقی پنجاب سے آنے والوں میں سے جنہیں کام مل گئے ہیں یا جائدادیں مل گئی ہیں اور وہ اب اس قابل ہیں کہ چندہ ادا کر دیں وہ بھی اس میں شامل ہیں) اگر اس مدت کے اندر انہوں نے اپنا چندہ ادا نہ کیا تو ہم سمجھیں گے کہ خدا کے مقرر کردہ مرکز سے انہیں کوئی محبت نہیں"

اندریں حالات جماعت کے مخلصین کا یہ فرض ہے کہ جن قربانیوں کے پیش کرنے کی طرف ان کا امام انہیں بلا رہا ہے۔ پورے جوش اور اخلاص کے ساتھ وہ اس پر لبیک کہیں۔ اور اپنے عمل سے اس لبیک کی تصدیق فرمائیں۔ اس وقت حفاظت مرکز کے چندہ کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ جبکہ ۳۱۳ درویش اس اہم فرض کی ادائیگی میں اپنا سب کچھ قربان کر کے قادیان میں دھونی رمائے بیٹھے ہیں۔ اس بارے میں احباب جماعت کی طرف سے کسی قسم کی غفلت اور کوتاہی ہرگز روا نہیں۔ میں اس مضمون کے ذریعہ جماعتوں اور جماعتوں کے افراد سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ چندہ حفاظت مرکز کو اپنے اولین فرائض میں سے قرار دے کر اس کی طرف متوجہ ہوں اللہ تعالےٰ ہم سب کے ساتھ ہو۔ آمین

دعائے مغفرت

یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ ۲۴/۸/۵۰ بروز جمعرات جناب ایس۔ بی۔ شیخ صاحب پرنسپل ایس۔ سی کالج مال روڈ لاہور کی اہلیہ محترمہ رکیہ بیگم دین صاحبہ اچانک حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے وفات پا گئیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ زچگی کے ایام میں تھیں لیکن بظاہر کوئی بیماری نہ تھی۔

رحلت سے تھوڑی دیر قبل مرحومہ نے غسل کیا۔ نئے کپڑے پہنے اور بچوں کو بھی نہلا دھلا کر اچھے کپڑے پہنائے۔ ابھی اس اہتمام میں مشغول ہی تھیں کہ پونے ایک بجے کے قریب اچانک بے ہوش ہو گئیں اور چند سیکنڈ کے بعد اپنے مولا حقیقی سے جا ملیں۔ مرحومہ نے تین بچے چھوڑے ہیں۔ نہایت نیک خصال پابند صوم و صلوٰۃ اور احمدیت کی شیدا تھیں۔ ایس۔ سی کالج میں واقفین کو مفت تعلیم دلانے اور کالج کی آمدن میں سے بیوہ عورتوں کو وظائف دینے کا اہتمام انہیں کے اصرار کے نتیجہ میں کیا گیا تھا۔

احباب سے درخواست ہے کہ مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا فرمائیں۔

(منیر احمد دنیس)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احراری افتراء پردازی کی تازہ مثال

(از مکرم احمد خاں صاحب نسیم مولوی فاضل انچارج مقامی تبلیغ ربوہ)

آزاد لاہور مورخہ ۵ ⁄ ۸ میں "ربوہ کے چار معتقد مرزائیوں کا قبول اسلام" کے ماتحت خادم حسین اور ان کے تین بیٹوں کے ارتداد کی خبر شائع کی گئی تھی۔ چنانچہ میں نے ۱۷ ⁄ ۸ کے اخبار الفضل میں اس کی تردید شائع کی کہ یہ بالکل جھوٹ ہے اور انبیاء علیہم السلام کے مخالفین اس کے قسم کے جھوٹ ہمیشہ بولا ہی کرتے ہیں۔ اب پھر ۱۹ ⁄ ۸ کے "آزاد" میں ایک شخص اللہ دتہ صاحب ملک نے "مرزائی اخبار الفضل کا جھوٹ" کے عنوان کے ماتحت احراری مکروفریب کا نمونہ ظاہر کیا ہے۔ تعجب ہے ربوہ کے چار معتقد احمدی چنیوٹ میں جاکر احمدیت سے منحرف ہو کر ارتداد کا اعلان کرتے ہیں مگر صرف اللہ دتہ صاحب ملک کو ان کا علم ہو جاتا ہے۔ اور ان احمدیوں کا جو ربوہ میں رہتے تھے۔ اور بقول اللہ دتہ صاحب معتقد بھی تھے انکو ان کا کوئی علم نہیں ہوتا کیا ان کا علم ربوہ والوں کو نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ یہ ملک صاحب کا سفید جھوٹ ہے۔ ربوہ میں اس نام کا نہ کوئی آدمی کبھی آیا ہے اور نہ ہی کوئی اس نام کے معتقد احمدی ربوہ میں تھے۔ جو ابا احمدیت سے منحرف ہو گئے ہیں۔ کذابوں کے متعلق الٰہی وعید سے ملک صاحب کو ڈرنا چاہیئے

اخبار آزاد ۱۹ ⁄ ۸ میں ایک اور عیاری یہ کی گئی ہے کہ "خادم حسن" اور ان کے دیگر تین رفقاء" لکھا ہے حالانکہ ۱۰ ⁄ اگست کے اخبار میں جو ان کے نام شائع کئے گئے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

(۱) خادم حسن ولد میاں فضل دین قوم دھاریوال جٹ سکنہ کپور تھلہ سکنہ ربوہ عمر ۶۰ سال
(۲) غلام سرور ولد خادم حسن " " " " " عمر ۲۷ سال
(۳) محمد اکرم ولد خادم حسن " " " " " عمر ۲۴ سال
(۴) محمد منور ولد خادم حسن " " " " " عمر ۲۲ سال

یعنی ایک باپ کے تین لڑکے ہیں۔ اب یہ بیٹے ان کے دیگر رفقاء بن گئے ہیں۔ اور چندے یہی حال رہا تو شاید یہ چار خاندان بن جائیں گے۔ اور ان سے پھر نا معلوم کس قدر ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ کسی نے یہ درست کہا ہے کہ دروغ گو را حافظہ نباشد

ربوہ میں اس نام کے کسی آدمی نے کبھی رہائش اختیار نہیں کی۔ اور یہ محض جھوٹ اور احراری افتراء پردازی کی بیسیوں مثالوں میں سے ایک اور تازہ مثال ہے۔ ربوہ کے چار اشخاص ہوں اور پھر صاحب اقتدار بھی ہوں اور انکا علم صرف چنیوٹ کے اللہ دتہ ملک کو ہو جائے اور ربوہ والوں کو ان کا علم نہ ہو سکے۔ کیا یہ ایک عجوبہ نہیں ہے

چنیوٹ میں احمدی احباب موجود ہیں۔ اور خدا کے فضل و کرم سے کافی تعداد میں موجود ہیں اور وہ ربوہ کے معتقد احمدیوں کو خوب جانتے ہیں۔ بلکہ ان میں سے اکثر جو غیر معتقد ہیں ان کو بھی خوب جانتے ہیں۔ ان کے اعیر بھی وہاں موجود ہیں۔ آپ ان سے ہی دریافت کر لیتے کہ یہ اشخاص ربوہ کے رہنے والے ہیں کہ نہیں۔ خواہ مخواہ من گھڑت باتیں بنانا اور پبلک کو دھوکہ دینا بہت بڑی بات ہے۔ خدا تعالےٰ کے سامنے پیش ہو کر آپ کیا جواب دیں گے آپ عام پبلک کو تو دھوکہ دے سکتے ہیں۔ مگر کیا خدا تعالےٰ کو بھی دھوکہ دیا جا سکتا ہے

العیاذ باللہ

ڈاکٹروں کی ضرورت

مشرقی افریقہ میں ڈاکٹروں کے لئے پریکٹس کرنے کا نہایت نادر موقعہ ہے۔ خصوصاً ماہرین امراض چشم اس موقعہ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ایسے دوست جو وہاں جانے میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ وکالت ہذا سے خط و کتابت فرمائیں (وکیل التبشیر)

دعائے مغفرت

امۃ اللہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم شیخ عابد علی صاحب محمود آباد اسٹیٹ ۲۰ جولائی کو بعارضہ اسقاط وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ موصیہ تھیں انہیں بطور امانتاً محمود آباد میں ہی دفن کر دیا گیا ہے احباب ان کی مغفرت اور بلندی مدارج کیلئے دعا فرمائیں۔ (خاکسار محمد یعقوب مولوی فاضل)

درخواست دعا

میری اہلیہ کچھ عرصہ سے بیمار چلی آ رہی ہے۔ احباب اس کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعا فرمائیں

حکیم عبد القدیر کاغانی سید مٹھا لاہور

زیادہ جوش۔ زیادہ اخلاص اور زیادہ مستعدی

سے کام کرنے کی ضرورت

تحریک جدید کے سولہویں سال کے وعدے جلد سے جلد ادا کرنے کیلئے جہاں پاکستان اور ہندوستان کی جماعتوں اور راہ راست وعدہ کرنیوالے احباب کو لکھا جا رہا ہے۔ کہ وہ اپنے وعدہ کی رقوم اب جہاں تک جلد ممکن ہو۔ ارسال فرما دیں۔ کیونکہ اب یہ تحریک جدید کے اس سال کا یہ آخری حصہ گزر رہا ہے قبل اس کے یہ سال ختم ہو۔ ہر ایک مجاھد کا وعدہ پورا ہو جانا ازبس ضروری ہے۔ وہاں بیرونی ممالک کی جماعتوں اور براہِ راست وعدہ کرنیوالے افراد کو لکھا گیا ہے۔ کیونکہ خصوصاً مشرقی افریقہ کی ہندوستانی جماعتیں گذشتہ سالوں میں اس پر عامل رہی ہیں کہ وہ اپنے وعدے ۳۰ نومبر سے قبل ہی پورے کرتی آ رہی ہیں۔ پس مشرقی افریقہ کی جماعتوں اور احباب کو اب بھی یہی کوشش کرنا ہے کہ تمام مشرقی افریقہ اور بیرونی ممالک کی دوسری جماعتوں کے وعدے سال کی آخری تاریخ سے قبل پورے ہو جائیں۔ چنانچہ نیروبی سے مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ نے لکھا۔ کہ مجھے احساسات کا خوب احساس ہے اور مجھے فکر بھی رہتا ہے کہ ابھی تک تحریک جدید کے وعدوں کی وصولی نہیں ہوئی تاہم میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں ان وعدوں کے وصول کرنے کی کوشش کروں گا۔ میں انشاء اللہ چند دنوں کے بعد آپ کو اپنی سعی کے متعلق تحریر کروں گا اور یہ بھی اطلاع دوں گا۔ اب تک کتنے فی صدی وعدہ ادا ہو چکے ہیں۔

نیروبی کے سیکرٹری مال سید محمد اقبال شاہ صاحب ہیں۔ جو بہترین کام کرنے والے ہیں اور بفضل خدا جماعتی کاموں میں خوب حصہ لیتے ہیں۔ ماشاء اللہ جماعت نیروبی کے حقیقی معنوں میں ستون ہیں۔

امید ہے۔ کہ جماعت احمدیہ نیروبی کا چندہ ہی نہیں۔ بلکہ مشرقی افریقہ کی جماعتوں نیروبی ہٹورا۔ ٹانگا نیکا۔ کسوموں۔ کمپالہ یوگنڈا۔ ممباسہ وغیرہ کے چندے بھی وقت پر وصول ہو جائیں گے۔ بات یہ ہے کہ اب تحریک جدید کے چندے کی ادائیگی میں زیادہ جوش۔ زیادہ اخلاص اور زیادہ مستعدی سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ پس پاکستان ہندوستان اور بیرونی ممالک کی جماعتیں اپنے وعدے سو فیصدی پورے کریں اللہ تعالےٰ توفیق بخشے۔ آمین

(وکیل المال تحریک جدید ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ اور مسلمان

از مکرم مولوی محمد احمد صاحب نعیم مولوی فاضل مبلغ سلسلہ احمدیہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

(۳) سید آغا خاں صاحب حیدر وکیل سہارنپور نے لکھا۔

"راقم مرزائی نہیں اثنا عشری ہے قادیانی جماعت کی مساعی حسنہ اس معاملہ میں بے حد قابل تحسین ہیں۔ اور دوسری اسلامی جماعتوں کو بھی اس کے نقش قدم پر چلنا چاہیئے۔"

(ہمدرد ۱۱۔ اپریل ۱۹۲۳ء)

اخبار مشرق گورکھپور نے لکھا۔

"ہم جماعت احمدیہ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ وہ سچا کام خدمت اسلام کا انجام دے رہی ہے۔ اور اس وقت ہندوستان میں کوئی جماعت اتنا اچھا اور ٹھوس کام نہیں کرتی۔ وہ ہر موقع پر مسلمانوں کو حفاظت اسلام اور بقائے اسلام کے لئے توجہ دلاتی رہتی ہے۔"

(مشرق یکم ستمبر ۱۹۲۷ء)

شدھی کی تحریک کے خلاف جو جد و جہد جماعت احمدیہ نے کی۔ اس کا اثر اپنوں پر ہی نہیں پڑا بلکہ اس کے جاری کرنے والوں نے بھی اس کو بری طرح محسوس کیا۔ چنانچہ سوامی شردھانند صاحب کے جاری کردہ اخبار تیج کو بھی لکھنا پڑا۔

"میرے خیال میں تمام مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ ٹھوس مؤثر اور مسلسل تبلیغی کام کرنے والی طاقت احمدیہ جماعت ہے۔ اور میں سچ سچ کہتا ہوں۔ کہ ہم سب سے زیادہ اس کی طرف سے غافل ہیں۔ بلا مبالغہ احمدیہ تحریک ایک خوفناک آتش فشاں پہاڑ ہے۔ جو بظاہر اتنا خوفناک معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن اس کے اندر ایک تباہ کن اور سیال آگ کھول رہی ہے۔ جس سے بچنے کی کوشش نہ کی گئی۔ تو کسی وقت موقع پاکر ہمیں بالکل جھلس دیگی۔" (تیج ۱۵ جولائی ۱۹۲۷ء)

بندے ماترم نے لکھا۔

"احمدی لوگ تمام دنیا کے مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ ٹھوس اور مسلسل تبلیغی کام کرنے والے ہیں۔ اور ان کی تبلیغی جد و جہد اس وقت ہمیں سب سے زیادہ نقصان پہنچا رہی ہے اگر ہماری غفلت کی یہی حالت رہی تو مستقبل قریب میں یہی لوگ ہماری مکمل تباہی کا باعث ہونگے۔" (بندے ماترم ۱۸ ستمبر ۱۹۲۷ء)

غرض شدھی کے ڈھونگ کو بالکل بیکار کرکے جماعت احمدیہ نے جو خدمت مسلمانوں کی کی۔ وہ مندرجہ بالا اقتباسات سے ظاہر ہے۔ لیکن اسی پر بس نہیں بلکہ جس جس وقت بھی مسلمانوں کی خدمات کا موقعہ نکلا۔ جماعت احمدیہ نے ان کی خدمت کو اپنا فرض قرار دیا۔ ۱۹۲۷ء کے سائمن کمیشن۔ نہرو رپورٹ گول میز کانفرنس۔ معاملہ کشمیر۔ غرض کون موقعہ ایسا گذرا۔ جب کہ جماعت احمدیہ مسلمانوں کی خیر خواہی سے کنارہ کش رہی۔ حتی کہ جماعت کی ان اسلامی خدمات کو دیکھ کر مولانا محمد علی صاحب جوہر بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اور آپ نے بھی لکھا۔

"ناشکر گذاری ہوگی کہ جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد اور ان کی اس منظم جماعت کا ذکر ان سطور میں نہ کریں۔ جنہوں نے اپنی تمام تر توجہات بلا اختلاف عقیدہ تمام مسلمانوں کی بہبودی کے لئے وقف کردی ہیں۔ یہ حضرات اس وقت اگر ایک جانب مسلمانوں کی سیاست میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ تو دوسری طرف مسلمانوں کی تنظیم تبلیغ و تجارت میں بھی انتہائی جد و جہد سے منہمک ہیں۔ اور وہ وقت دور نہیں جب کہ اسلام کے اس منظم فرقہ کا طرز عمل سواد اعظم اسلام کے لئے بالعموم اور ان اشخاص کے لئے بالخصوص جو بسم اللہ کے گنبدوں میں بیٹھ کر خدمت اسلام کے بلند بانگ ودر باطن ہیچ دعاوی کے خوگر ہیں مشعل راہ ثابت ہوگا۔"

(ہمدرد دہلی ۲۶ ستمبر ۱۹۲۷ء)

اور اخبار مشرق نے لکھا۔

"جناب امام صاحب جماعت احمدیہ کے احسانات تمام مسلمانوں پر ہیں۔ آپ کی تحریک سے ورتمان پر مقدمہ چلایا گیا آپ کی ہی جماعت نے رنگیلا رسول کے معاملے کو آگے بڑھایا۔ سرفروشی کی اور جیل خانہ جانے سے خوف نہیں کھایا۔ آپ ہی کے پمفلٹ نے جناب گورنر صاحب بہادر پنجاب کو عدل و انصاف کی طرف مائل کیا۔ آپ کا پمفلٹ ضبط کر لیا مگر اس کے اثرات کو زائل نہیں ہونے دیا۔ اور لکھ دیا کہ اس پوسٹر کی ضبطی محض اس لئے ہے کہ اشتعال نہ بڑھے۔ اور اس کا تدارک نہایت عادلانہ فیصلہ سے کردیا۔ اور اس وقت ہندوستان میں جتنے فرقے مسلمانوں کے ہیں سب کسی نہ کسی وجہ سے انگریزوں یا ہندوؤں یا دوسری قوموں سے مرعوب ہو رہے ہیں۔ صرف ایک احمدی جماعت ہے۔ جو قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی طرح کسی فرد یا جمعیت سے مرعوب نہیں ہے۔ اور خاص اسلامی کام سرانجام دے رہی ہے"

(مشرق ۲۲ ستمبر ۱۹۲۷ء)

الغرض مندرجہ بالا کام لطور "مشتے از خروارے" لکھا گیا ہے۔ جو جماعت احمدیہ نے مسلمانوں کی خاطر سرانجام دیا۔ لیکن باوجود اس کے ایک طبقہ جو اپنے آپ کو احرار یعنی مادر پدر آزاد خیال کرتا ہے۔ جماعت کے خلاف قسم قسم کی افترا پردازیاں کرکے عوام کو اس محسن جماعت سے برگشتہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اگرچہ ہمیں نیز ان کے کارہائے نمایاں کو جو قومی اور ملی خدمت کے طور پر یہ اس وقت تک ادا کر چکے ہیں ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن تاہم موقعہ ملنے پر انکی تمام غداریاں انشاء اللہ ظاہر کی جائیں گی۔ وما توفیقی الا باللہ

مجھے یقین ہے کہ مسلمانوں کا وہ اہل علم طبقہ جو ان کی سرشت سے بخوبی واقف ہے۔ وہ ان کی ایسی حرکتوں کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اور آئندہ بھی دیکھے گا۔ یہ فتنہ پردازی محض اسی غرض سے ہے۔ تا مسلمانوں کی اس جماعت اور دیگر فرقہ ہائے میں پھوٹ پیدا کرکے اپنے آقایان ولی نعمت کو خوش کیا جائے۔ اور پاکستان جو مسلمانوں کی متحدہ کوششوں سے معرض وجود میں آیا ہے۔ اسے تباہ و برباد کیا جائے۔

پس اے میرے مسلمان بھائیو۔ غور کرو۔ اور واقعات کو دوربین نگاہوں سے دیکھو۔ وقت کے تقاضوں کو پہچانو۔ اور متحد ہوکر قیام پاکستان کے لئے کوشش کرو۔ ایسے عنصر کو جو ملت و قوم کا غدار ہے نکال باہر کرو۔

درخواستہائے دعا

خاکسار کے والد صاحب مکرم میاں حسن دین صاحب ایک عرصہ سے پیشاب کے بند ہو جانے کی وجہ سے بیمار ہیں۔ خاکسار کو بھی نمونیہ ہو گیا تھا۔ تاحال کافی نقاہت ہے۔ احباب جماعت سے دردِ دل سے درخواست ہے کہ مولا کریم جلد از جلد صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

(خاکسار حافظ غلام محی الدین از کلر کہار)

(۲) خاکسار کے والدہ عرصہ چار ماہ سے سخت بیمار چلے آرہے ہیں احباب دعائے صحت فرمائیں

(محمد عیسیٰ کارکن دفتر آڈیٹر)

(۳) میں دمہ سے پریشان ہوں۔ چلنا پھرنا مشکل ہو گیا ہے۔ میری اہلیہ بھی بیمار ہے۔ احباب ہم لوگوں کی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔

(اظہر حسین پریذیڈنٹ انجمن احمدیہ راجشاہی)

تلاش گمشدہ

ایک لڑکا بعمر ۱۳، ۱۴ سال مسمی صدر الدین عرف شترو فسادات کے بعد ضلع گورداسپور سے لاہور پہنچ گیا تھا۔ اس کے بعد اب تک اس کا کچھ علم نہیں ہے۔ اس کے والدین بے تاب ہیں۔ اس کا ایک بھائی فوت ہو چکا ہے۔ اگر کسی صاحب کو علم ہو تو اطلاع دیں۔

(نظام الدین مہاجر آف چاڑکوٹ حال احمد نگر راستہ لالیاں ضلع جھنگ)

آپ کی قیمت اخبار سامنے دی ہوئی تاریخ کو ختم ہو رہی ہے

وی پی کا انتظار نہ کریں۔ بلکہ چندہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ اس میں آپ کو فائدہ رہے گا۔

۳۹۳۳	جناب غلام مصطفیٰ صاحب	۷ ستمبر ۵۰ء
۳۹۹۶	محترمہ سردار بیگم صاحبہ	۱۰ " "
۳۹۹۷	جناب عبد الباقی صاحب	۱۲ " "
۹۳۹۸	" تاج حسین صاحب	۱۶ " "
۱۷۶۴	" منصور خان صاحب	۱۶ " "
۱۳۹۱	ملک فضل الرحمن صاحب	۱۷ " "
